1989ء سے مسلسل اشاعت

7 تا 13 جولائی 2023 | شمارہ نمبر 28 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-



**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com


bmp

بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking **IBM:111-426-725**







Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS




IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER




SINARSPECTRA
premium colour paper




spectra color
premium color paper

### PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

### CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



### QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



SINARSPECTRA
### COLOR CUBE



### FOR BOOKING CONTACT

IBM TM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — قیمت 100 روپے

پیپر بزنس

**پبلشرز: حرارؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرارؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ وڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز: (سالانہ)**

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB025602714112960


# بجٹ منظور، آئی ایم ایف کے مطالبے پر زیادہ آمدنی، تنخواہ اور لگژری گاڑیوں کی رجسٹریشن پر ٹیکسوں میں مزید اضافہ

## تنازعات کے حل کے متبادل طریقہ کار میں اہم تبدیلیاں، سپریم کورٹ یا ہائی کورٹ کا ریٹائرڈ جج اس کا سربراہ ہوگا، ایف بی آر ماننے کا پابند ہوگا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے مطالبے پر حکومت نے 2 ہزار سی سی سے اوپر کی گاڑیوں کی رجسٹریشن پر انکم ٹیکس اور بڑی آمدن والے تنخواہ دار و غیر تنخواہ دار طبقے پر بھی ٹیکس کی شرح میں اضافہ کر دیا ہے۔ اتوار 25 جون کو پارلیمنٹ کی جانب سے منظور شدہ ترمیم شدہ فنانس بل 2023-24 کے مطابق حکومت نے 2001 سی سی تا 3 ہزار سے اوپر کی درآمدی اور مقامی طور پر تیار کی جانے والی گاڑیوں پر فکسڈ ٹیکس لگا دیا ہے۔ ٹیکس کی مقررہ شرح 2001 سی سی تا 2500 سی سی انجن کی گنجائش والی گاڑی کی قیمت کا 6 فیصد ہو گی۔ آئندہ بجٹ میں 2501 سے 3000 سی سی کی گاڑیوں کی رجسٹریشن پر 8 فیصد فکسڈ ٹیکس عائد کر دیا گیا ہے، ٹیکس کی مقررہ شرح 3000 سی سی سے زیادہ انجن کی گنجائش والی گاڑی کی قیمت کا 10 فیصد ہوگی۔ تنخواہ دار افراد کے لیے ٹیکس کی شرح میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی جہاں قابل ٹیکس آمدنی 1,200,000 روپے سے زیادہ اور 2,400,000 روپے تک ہو، وہاں 12 لاکھ سے زائد آمدن پر 12.5 فیصد انکم ٹیکس جبکہ 15 ہزار فکسڈ انکم ٹیکس دینا ہوگا۔ جہاں قابل ٹیکس آمدنی 2,400,000 روپے سے زیادہ ہو لیکن 3,600,000 روپے سے زیادہ نہ ہو، وہاں 24 لاکھ سے زائد رقم پر 22.5 فیصد انکم ٹیکس جبکہ ایک لاکھ 65 ہزار روپے فکسڈ ٹیکس ہوگا۔ جہاں قابل ٹیکس آمدنی 3,600,000 روپے سے زیادہ ہو لیکن 6,000,000 روپے سے زیادہ نہ ہو، ٹیکس کی شرح 405,000 روپے پلس 3,600,000 روپے روپے سے زیادہ رقم کا 27.5 فیصد ہوگی۔ جہاں قابل ٹیکس آمدنی 6,000,000 روپے سے زیادہ ہو، ٹیکس کی شرح 1,095,000 روپے پلس 6,000,000 روپے سے زیادہ رقم کا 35 فیصد ہوگی۔ ترمیم شدہ فنانس بل 2023 نے تنخواہ دار فرد کے علاوہ افراد اور ایسوسی ایشن آف پرسنز (اے او پیز) کی آمدنی پر انکم ٹیکس میں بھی اضافہ کر دیا ہے۔ افراد یا اے او پیز کے لیے نظر ثانی شدہ سلیب نے انکشاف کیا کہ جہاں قابل ٹیکس آمدنی 600,000 روپے سے زیادہ ہو لیکن 800,000 روپے سے زیادہ نہ ہو، ٹیکس کی شرح 600,000 روپے سے زیادہ رقم کا 7.5 فیصد ہوگی۔ جہاں قابل ٹیکس آمدنی 800,000 روپے سے زیادہ ہو لیکن 1,200,000 روپے سے زیادہ نہ ہو، ٹیکس کی شرح 15,000 روپے پلس 800,000 روپے سے زیادہ رقم کا 15 فیصد ہوگی۔ جہاں قابل ٹیکس آمدنی 1,200,000 روپے سے زیادہ ہو لیکن 2,400,000 روپے سے زیادہ نہ ہو، ٹیکس کی شرح 75,000 روپے پلس 1,200,000 روپے سے زیادہ رقم کا 20 فیصد ہوگی۔ جہاں قابل ٹیکس آمدنی 2,400,000 روپے سے زیادہ ہے لیکن 3,000,000 روپے سے زیادہ نہ ہو، ٹیکس کی شرح 315,000 روپے پلس 2,400,000 روپے سے زیادہ رقم کا 25 فیصد ہوگی۔ نئے سلیب کے تحت جہاں قابل ٹیکس آمدنی 3,000,000 روپے سے زیادہ ہے لیکن 4,000,000 روپے سے زیادہ نہیں، ٹیکس کی شرح 465,000 روپے پلس 3,000,000 روپے سے زیادہ رقم کا 30 فیصد ہوگی۔ جہاں قابل ٹیکس آمدنی 4,000,000 روپے سے زیادہ ہو، ٹیکس کی شرح 765,000 روپے پلس 4,000,000 روپے سے زیادہ رقم کا 35 فیصد ہوگی۔ قبل ازیں 26 جون کو وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے 9 جون کو پیش کئے گئے مالیاتی بل اور بجٹ کے اعلان کردہ اہم معاشی اہداف کو تبدیل کر دیئے ہیں۔ وفاقی بجٹ 2023-24ء اور فنانس بل 2023ء پر عام بحث پر اختتامی تقریر میں اُنہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی شرط پر آئندہ مالی سال مزید 215 ارب روپے کے اضافی نئے ٹیکس لگائے جائیں گے۔ اس طرح ایف بی آر کا ٹیکس ریونیو کا ہدف 9200 ارب سے بڑھ کر 9415 ارب روپے کیا گیا ہے۔ حکومت 9 جون کے بجٹ میں آئندہ مالی سال کیلئے 223 ارب روپے کے نئے ٹیکسوں کا فنانس بل میں اضافہ کر چکی ہے۔ اس طرح مجموعی طور پر 2023-24ء میں 438 ارب روپے کے نئے ٹیکس عائد ہو گئے ہیں۔ ٹیکسوں میں صوبوں کا حصہ 5276 ارب روپے سے بڑھ کر 5399 ارب روپے ہوگا۔ یکم جولائی سے شروع ہونے والے نئے مالی سال کیلئے 85 ارب کے اخراجات میں کٹوتی کی جائیگی۔ وفاقی حکومت کے کل اخراجات کا تخمینہ 14 ہزار 460 ارب روپے سے بڑھ کر 14 ہزار 480 ارب روپے ہو گیا ہے۔ سبسڈی کا تخمینہ 1073 ارب روپے سے کم ہو کر 1064 ارب روپے ہو گیا ہے جبکہ پنشن کی مد میں تخمینہ 761 ارب سے بڑھ کر 801 ارب روپے اور گرانٹس کا تخمینہ 1405 ارب روپے کیا گیا ہے۔ وفاقی بجٹ پر اختتامی بحث میں وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات اور پارلیمنٹ کے اندر 9 جون سے جاری بجٹ پر عام بحث کے اختتام پر وہ اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ مالی سال 2023-24ء کے بجٹ کے سالانہ بجٹ اسٹیٹمنٹ فنانس بل 2023ء اور دیگر بجٹ بکس کے اعداد و شمار میں اہم تبدیلیاں آئی ہیں۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان سٹاک ایکسچینج نے مارکیٹ کے موثر کام کرنے اور بہتری کیلئے تجاویز پیش کی ہیں۔ ان میں سے کچھ فوائد طویل مدتی شیئر ہولڈنگ کو فراہم کئے گئے تھے۔ اس سلسلے میں ہم قانون میں ضروری تبدیلیاں لا رہے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ وفاقی حکومت کا تقریباً 3 اعشاریہ 2 ٹریلین روپے کا ٹیکس مختلف جوڈیشل فورا مختلف عدالتوں، ٹریبونلوں میں زیر سماعت 62 ہزار سے زائد مقدمات میں پچھلی دہائی سے پھنسا ہوا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# درآمدات پر عائد تمام پابندیاں ختم، اسٹیٹ بینک نے سرکلر جاری کر دیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری کرتے ہوئے درآمدات (امپورٹ) پر عائد تمام پابندیاں ختم کر دی گئیں۔ اسٹیٹ بینک نے امپورٹ پر عائد پابندیاں ختم کرنے کا سرکلر جاری کرتے ہوئے بندرگاہوں پر پھنسے ہوئے 6 ہزار سے زائد کنٹینرز ریلیز کرنے کے لیے بینکوں کو زرمبادلہ کی فراہمی کی اجازت دے دی۔ اسٹیٹ بینک نے جاری سرکلر میں کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے درآمدات پر عائد پابندیاں ختم کر دی گئیں ہیں۔ امپورٹ کے لیے زرمبادلہ کی فراہمی میں ترجیحی درآمدات کی شرط ختم کر دی گئی ہے اب تمام درآمدات کے لیے بلاتفریق زرمبادلہ فراہم ہوگا، زرمبادلہ کے مجاز ڈیلرز کو تمام درآمدات کے لیے زرمبادلہ فراہم کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق فیصلہ اسٹیک ہولڈرز کی تجاویز پر کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف پرگروام کی مدت ختم ہونے میں ایک ہفتہ باقی ہے اور حکومت کی پوری کوشش ہے کہ آئی ایم ایف کو راضی کیا جا سکے جس کے لیے درامدات پر عائد قدغن ختم کرنے کی آئی ایم ایف کی شرط بھی پوری کر دئ گئی ہے۔

## آئی ایم ایف کے دباؤ پر ٹیکس ایمنسٹی اسکیم واپس لے لی گئی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) آئی ایم ایف کے دباؤ پر بجٹ میں پیش کردہ ٹیکس ایمنسٹی اسکیم واپس لے لی گئی۔ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے دباؤ پر بجٹ میں پیش کردہ ٹیکس ایمنسٹی اسکیم واپس لے لی گئی۔ بیرون ملک سے ایک لاکھ ڈالر بھجوانے پر ذرائع آمدن ظاہر نہ کرنے کی چھوٹ دی گئی تھی۔ ذرائع کے مطابق بیرون ملک سے رقوم بینکنگ چینل کے ذریعے بھیجنے کی شرط عائد کی گئی تھی اور آئی ایم ایف نے اس ایمنسٹی اسکیم پر اعتراض اٹھایا تھا۔ ایمنسٹی سکیم کا مقصد ملک میں ڈالر کی قلت پر قابو پانا تھا۔

## ایف بی آر نے غیر رجسٹرڈ افراد پر سیلز ٹیکس بڑھا کر 4 فیصد کر دیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت پاکستان کے ریونیو ڈویژن فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے فنانس بل 2023 میں تازہ ترین ترامیم کے ذریعے غیر رجسٹرڈ افراد پر سیلز ٹیکس (مزید ٹیکس) میں ایک فیصد اضافے کا اعلان کیا ہے۔ مزید ٹیکس 4 فیصد ہوگا، جو یکم جولائی 2023 سے لاگو ہوگا۔ اس اقدام کا مقصد غیر رجسٹرڈ خوردہ فروشوں اور تقسیم کاروں کو سپلائی کی حوصلہ شکنی اور سیلز ٹیکس نیٹ کے ساتھ دستاویزات اور تعمیل کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ سیلز ٹیکس نیٹ سے بچنے کا ارادہ رکھنے والوں کو اپنی سپلائیز پر 4 فیصد اضافی ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ ایف بی آر نے فنانس بل 2023 کے تحت ٹائر- 1 خوردہ فروشوں کے لیے دکان کے علاقے رکھنے کی شرط کو بھی ختم کر دیا ہے۔ ایف بی آر نے دعویٰ کیا ہے کہ ان اقدامات سے اگلے مالی سال کے لیے 8.4 ٹریلین ریونیو کی وصولی کے ہدف کو حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

---

گزشتہ عشرے سے تنازعات کے حل کے متبادل طریقہ کار کے ذریعے تنازعات کے فوری حل کی کوششیں کی جاتی رہیں ہیں جس سے مطلوبہ نتائج حاصل نہ ہو سکے لہٰذا موجودہ متبادل تنازعات کے حل کی کمیٹی اے ڈی آر سی کے طریقہ کار کو اس طرح مضبوط کرنے کی ضرورت ہے کہ ٹیکس دہندگان اے ڈی آر سی سے رجوع کرنے میں آسانی محسوس کریں اور تنازعات کے حل کیلئے اے ڈی آر سی پر مکمل اعتماد اور بھروسہ کریں۔ اس طرح حکومت کی جانب سے نہ صرف واجب الادا ٹیکس وصول کیا جائیگا بلکہ ساتھ ساتھ عدالتی فورم پر بھی بوجھ کم ہوگا اور قانونی چارہ جوئی کی لاگت کم ہو جائیگی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ہم نے اے ڈی آر سی کے طریقہ کار پر نظر ثانی کی ہے اور بہتری کیلئے 3 رکنی کمیٹی تجویز کی ہے جو کہ اکثریتی بنیاد پر تنازعات کا فیصلہ کریگی۔ اسکی سربراہی معزز ہائیکورٹ یا معزز سپریم کورٹ کے ریٹائرڈ جج کرینگے جبکہ چیف کمشنر ایف بی آر اسکے رکن ہونگے۔ تیسرا رکن ٹیکس پیئر خود یا اس کا نامزد شخص ہوگا۔ مزید برآں اب اے ڈی آر سی کا فیصلہ ایف بی آر پر بائینڈنگ ہوگا لیکن ٹیکس دہندگان پر بائینڈنگ نہیں ہوگا۔ اس طریقے سے ٹیکس دہندگان نئے فورم کو استعمال کرینگے اور انکے ٹیکس کے تنازعات کو تیزی اور کم لاگت کے ساتھ حل کیا جائیگا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ کچھ معزز ممبران کو بعض تبدیلیوں پر اختلاف ہے جو فنانس بل 24-2023ء میں سپر ٹیکس کے حوالے سے تجویز کی گئی ہیں۔ بینکوں سے رقم نکلوانے پر نان فائلرز پر زیرو اعشاریہ 6 فیصد ٹیکس کے بارے میں بھی چند آراء سامنے آئی ہیں۔ وزیر خزانہ نے واضح کیا کہ سپر ٹیکس گزشتہ سال متعارف کرایا گیا تھا۔ اس سال ہم نے اسے مزید پروگریسو بنایا ہے اور 10 فیصد سپر ٹیکس کے نفاذ کیلئے آمدنی کی سلیب کو 300 ملین روپے سے بڑھا کر 500 ملین روپے کر دیا ہے۔ اسی طرح ٹیکس کی شرح کو بھی مزید پروگریسو کیا ہے جو ایک فیصد، دو فیصد، تین فیصد، چار فیصد سے شروع ہو کر 6 فیصد، 8 فیصد اور 10 فیصد تک ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ٹیکس ریونیو میں اضافے کی اشد ضرورت ہے اور سپر ٹیکس صرف زیادہ آمدنی والے افراد پر لگایا جاتا ہے جو یہ ٹیکس ادا کرنے کی استطاعت رکھتے ہیں اسلئے حکومت اسے برقرار رکھ رہی ہے۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ نان فائلرز کے کیش نکالنے پر زیرو اعشاریہ چھ فیصد ٹیکس کی شرح کے معاملے کی وہ یہ وضاحت کر رہے ہیں کہ یہ معیشت کی ڈاکومنٹیشن اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے ایک اہم قدم ہے۔ ٹیکس کا سارا بوجھ عملاً چند ملین ٹیکس دہندگان برداشت کر رہے ہیں اسلئے وقت کی اشد ضرورت ہے کہ اس ملک کے تمام شہری جو ٹیکس ادا کرنے کے قابل ہیں وہ اپنا واجب الادا ٹیکس ادا کریں تاکہ ٹیکس کی ذمہ داری کو بانٹا جا سکے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ بونس شیئرز پر ٹیکس لگانے کے اقدامات کی بعض ممبران نے مخالفت کی۔ کمپنیاں شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کیش کی شکل میں یا بونس شیئر جاری کرتی ہیں جسے شیئر ہولڈرز اسٹاک ایکسچینج میں بیچ سکتے ہیں اور نقد رقم وصول کر سکتے ہیں۔ پہلی صورت میں شیئر ہولڈرز موصول ہونے والے نقد منافع پر 15 فیصد ٹیکس ادا کرتا ہے لیکن دوسری صورت میں شیئر ہولڈر کوئی ٹیکس ادا نہیں کرتا۔ اس اقدام کے ذریعے ہم نے کیش ڈیویڈنڈ اور بونس شیئر دونوں پر ٹیکس عائد کیا ہے لیکن ساتھ ساتھ ہم نے بونس شیئرز کیلئے 10 فیصد کی کم شرح تجویز کی ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ یہ ٹیکس کمپنیاں نہیں شیئر ہولڈرز ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکشن 99 ڈی پر ٹیکسٹائل سیکٹر وغیرہ نے تشویش اور تحفظات کا اظہار کیا ہے لیکن جو وفاقی حکومت ایسے تشخیص کئے گئے ٹیکس گزار سے 50 فیصد تک اضافی ٹیکس وصول کرنے کا اختیار رکھتی ہے جس نے اس میں خارجی عوامل کی وجہ سے غیر متوقع منافع کمایا ہو۔ انہوں نے کہا کہ یہ قانون صرف ایک ہے۔ اس کا ہدف کوئی خاص شخص یا کمپنی کی طرف نہیں ہے بلکہ اگر وفاقی حکومت اس بات کا تعین کرتی ہے کہ ایسے شعبے نے خارجی عنصر سے فائدہ اٹھایا ہے اور ونڈ فال منافع کمایا ہے تو یہ پروویژن پورے شعبے پر نافذ کی جائیگی۔ وزیر خزانہ نے واضح کیا کہ سپر ٹیکس صرف کارپوریٹ سیکٹر پر لاگو ہوگا اور افراد کو اس سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک واحد ملک نہیں ہے جو اس طرح کی قانون سازی کر رہا ہے۔ یورپ سمیت دنیا کے کئی ممالک نے اسی طرح کے ٹیکس لگائے ہیں۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کیلئے تمام اقدامات کرینگے کہ کاروباری اعتماد متزلزل نہ ہو اور ہم نہیں چاہتے کہ قانون کی شق کی وجہ سے لوگ گھبرائیں۔ انا ملی کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر ہم 5 سال کی مدت کو کم کر کے 3 سال کر رہے ہیں اور اس قانون کا اطلاق ٹیکس سال 2021ء سے ہوگا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اپریل-جون 2023: گزشتہ سہ ماہی میں نیویا میں ریکارڈ 215، او جے آئی میں 155 اور ایل ڈبلیو سی میں 270 روپے کلو کے اضافہ کے بعد واپسی

## Prices Trend in April-June-2023 (Per Kg Rates)
## Imported **COATED ART PAPER China and Japan**

| NEVIA GLOSS | | APR-2023 | | MAY-2023 | | | | JUNE-2023 | | | | Price + Increase - Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 14-Apr | 28 | 5 | 12 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | |
| All Size | 80 | 615 | 600 | 610 | 610 | 610 | 610 | 610 | 610 | 610 | 610 | ( - 5 ) |
| All Size | 90 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 100 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 105 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 113 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 128 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 150 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |

| NEVIA MATT | | APR-2023 | | MAY-2023 | | | | JUNE-2023 | | | | Price + Increase - Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 14-Apr | 28 | 5 | 12 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | |
| All Size | 80 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 90 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 100 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 105 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 113 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 128 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 150 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |

| OJI JAPAN | | APR-2023 | | MAY-2023 | | | | JUNE-2023 | | | | Price + Increase - Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 14-Apr | 28 | 5 | 12 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | |
| 23 x 36 | 104 | 520 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | ( - 45 ) |
| 30 x 40 | 113 | 520 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | ( - 45 ) |
| 23 x 36 | 128 | 520 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | ( - 45 ) |
| All Size | 150 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | ( No Change ) |

| LWC JAPAN | | APR-2023 | | MAY-2023 | | | | JUNE-2023 | | | | Price + Increase - Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 14-Apr | 28 | 5 | 12 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | |
| All Size | 60 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | ( No Change ) |
| 25 x 36 | 80 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | ( No Change ) |
| All Size | 90 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | 635 | ( No Change ) |

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2022 کی آخری سہ ماہی اکتوبر۔ دسمبر میں 2021 کے مقابلے میں نیویا۔ او جے آئی اور ایل ڈبلیو سی کی قیمتوں میں مندی کا رجحان رہا تھا۔ تاہم 2023 کا آغاز آرٹ پیپر کے درآمد کنندگان کیلئے خوش آئند ثابت ہوا تھا اور صرف جنوری 2023 کے پانچ ہفتوں میں قیمتیں 355 سے بڑھ کر 420 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں۔ فروری میں مزید اضافہ 90 روپے کلو اضافہ ہوا تھا اور قیمتیں 510 روپے پر پہنچ گئیں جبکہ 31 مارچ کو یہ قیمتیں 570 روپے کی انتہائی حد پر تھیں۔ اس طرح تین ماہ میں ریکارڈ 215 روپے فی کلو کا اضافہ ہوا تھا۔ جبکہ جاپان کے او جے آئی کی قیمتیں آخری سہ ماہی میں 370 روپے کلو سے کم ہو کر 365 روپے کلو ہو گئی تھیں۔ اس طرح آرٹ پیپر دیگر پیپر کے مقابلے میں دباؤ میں جنوری 2023 سے اس میں بھی زبردست اضافے کا رجحان رہا جو ایک ماہ میں 105 روپے اضافے کے بعد 470 روپے کلو تک پہنچ گیا تھا۔ فروری میں یہ اضافہ 50 روپے کلو رہا اور قیمتیں 520 روپے کلو تک پہنچ گئیں۔ مارچ میں یہ قیمتیں برقرار رہیں، اس طرح مجموعی طور پر یہ اضافہ 155 روپے کلو رہا تھا۔ ایل ڈبلیو سی کی قیمتیں 365 روپے سے بڑھ کر 635 روپے کلو ہو گئی تھیں اس طرح مجموعی اضافہ 270 روپے کلو ہو گیا۔ 2022 میں اضافے کی شرح 45 روپے سے 100 روپے کلو تک تھی جبکہ 2023 کے آغاز میں پہلی سہ ماہی میں دگنا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ 2023 کی دوسری سہ ماہی میں قیمتوں میں کمی کا آغاز ہوا اس کے باوجود کہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے درآمدات کی آزادانہ تجارت میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی تھیں لیکن انتہائی قیمتوں کے باعث اس کی طلب میں کمی کے باعث قیمتوں میں کمی کا آغاز ہوا اور نیویا میں 25 روپے کلو اور او جے آئی جاپان میں 45 روپے کلو کی کمی ریکارڈ کی گئی اور یہ قیمتیں 600 روپے کلو سے کم ہو گئیں تاہم ایل ڈبلیو سی میں ابھی کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ ساتھ ہی دوسری سہ ماہی اپریل-جون 2023 میں ہونے والی قیمتوں کا تقابلی جائزہ دیا جا رہا ہے۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

SP

SALMAN PAPER PRODUCTS (Pvt.) Ltd.

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com

IBM

&

OCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# بین الاقوامی مارکیٹ: کوٹڈ آرٹ کارڈ، اسٹیکر، پیکیجنگ بورڈ ننگبو اور کوٹڈ آرٹ پیپر کی قیمتوں میں کمی

## آفسیٹ پرنٹنگ پیپر، فوٹو کاپیپر، باکسز اور پنڈو پیکیجنگ بورڈ میں بھی کمی

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) پیپر و پیپر بورڈ کی بین الاقوامی قیمتوں کی عالمی مارکیٹ سے موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق انڈونیشیا اور چائنا کے پیپر و پیپر بورڈ کی سی اینڈ ایف قیمتوں میں کمی کا رجحان دیکھا گیا۔ان قیمتوں میں ہونے والی تبدیلیوں کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

انڈونیشیا/ چائنا : پیکیجنگ بورڈ ، ننگبو گولڈ سی اینڈ ایف کی شیٹس 700 ڈالر سے کم ہو کر 660 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ۔جبکہ ننگبو گولڈ کی ریلز 685 ڈالر سے کم ہوکر 640 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ننگبو اسٹار کی شیٹس 840 ڈالر سے کم ہوکر 800 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 810 ڈالر سے کم ہوکر 770 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ بوہی (ایف او بی) کی شیٹس دستیاب نہیں ہے جبکہ ریلز 625 ڈالر سے کم ہوکر 620 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔کوٹڈ پیپر چائنا نیو یا کی ریلز 810 ڈالر سے کم ہو کر 750 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ شیٹس 770 ڈالر فی میٹرک ٹن ہے۔کوٹڈ آرٹ کارڈ گولڈن کوئن کی شیٹس 830 ڈالر سے کم ہوکر 800 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 800 ڈالر سے کم ہوکر 770 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔کاسٹ کوٹڈ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ 1650 ڈالر سے کم ہوکر 1625 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔

انڈونیشیا : آفسیٹ پرنٹنگ پیپر آئی کے ریلز 70 گرام، 930 ڈالر سے کم ہوکر 870 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔آئی کے شیٹس 70 گرام، 960 ڈالر سے کم ہوکر 900 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔فوٹو کاپیپر باکسز بی ایل سی اینڈ پی پی سی براؤن ، 70 گرام، 950 ڈالر سے کم ہوکر 920 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔بی ایل سی اور پی پی سی براؤن، 80 گرام، 950 ڈالر سے کم ہوکر 920 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔پنڈو پیکیجنگ بورڈ، گولڈن کوئنز برانڈ کی شیٹس 720 ڈالر سے کم ہوکر 620 ڈالر جبکہ ریلز 690 ڈالر سے کم ہوکر 600 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔

انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں دیکھی گئی۔تفصیلی سروے اندرونی صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

# مقامی مارکیٹ: لوکل ڈوپلیکس بورڈ، ساوی برائٹ، آرٹ پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، آرٹ کارڈ میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے کچھ تیزی اور مندی دیکھی گئی اور 5 جولائی 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔جبکہ نیو یا آرٹ پیپر ، مقامی ڈوپلیکس بورڈ فورٹونا اور میگا ٹاپ، گرافک بورڈ ساوی برائٹ اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جوردوبدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔270۔300 اور 350 گرام، 510 روپے سے بڑھ کر 525 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 590 روپے سے کم ہو کر 565 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 590 روپے سے کم ہوکر 565 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔گرافک بورڈ ساوی برائٹ 23x36 سائز اور 25x36 سائز ، 290 گرام ، 510 روپے سے بڑھ کر 520 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈوپلیکس بورڈ فورٹونا تمام سائز تمام گرام ، 205 روپے سے کم ہو کر 200 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈوپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 160 روپے سے کم ہوکر 155 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1270 روپے سے کم ہوکر 1250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔بی ایل سی 70 گرام 1275 ، روپے سے کم ہوکر 1260 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی F4B-13، 70 گرام، 1500 روپے سے کم ہوکر 1490 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی F4A-13.5، 70 گرام 1550 ، روپے سے بڑھ کر 1575 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی 70 گرام A3 ، سائز 3000 روپے سے کم ہوکر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آریا 70 گرام، 1240 روپے سے کم ہوکر 1230 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1500 روپے سے کم ہوکر 1450 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام 1600 ، روپے سے کم ہوکر 1550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1700 روپے سے کم ہوکر 1650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔میرم دبئی 70 گرام، 1290 روپے سے کم ہوکر 1250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ہزاروں درآمدی کنسائمنٹس کی جعلی ای آئی ایف فارم پر کلیئرنس کی تحقیقات کا آغاز

کراچی(مانیٹرنگ ڈیسک)حکومت کی جانب سے درآمدات پر پابندی اوراسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے درآمدات کے ذریعے زرمبادلہ کے منتقلی کو روکنے کے لئے الیکٹرانک امپورٹ فارم (ای آئی ایف) کی اجراء پر پابندی عائد کردی ہے جس کے باعث پورٹس پر ہزاروں کی تعداد میں کنسائمنٹس کی کلیئرنس روک گئی ہے لیکن درآمدکنندگان کی جانب سے الیکٹرونک امپورٹ فارم کا غلط استعمال کیا جارہا تھا جس کی روک تھام کے لئے محکمہ کسٹمز کی جانب سے سخت اقدامات اٹھائے گئے ہیں جس کے لئے چیف کلکٹر اشہد جواد کی جانب سے تینوں کلکٹریٹس کے افسران پر مشتمل ایک ٹیم تشکیل دی گی ہے جو کلکٹریٹس میں الیکٹرانک امپورٹ فارم کے غلط استعمال کی روک تھام کے لئے اہم اقدامات اٹھا کر اس کا غلط استعمال کرنے والے درآمدکنندگان کو قرار واقعی سزادیں گے ۔واضح رہے کہ درآمدکنندگان کو لیٹر آف کریڈٹ (ایل سی) کھولنے کے لیے ای آئی ایف ایک پیشگی شرط ہے۔لہذا، درآمدکنندگان کو جعلی ای آئی ایف فارم استعمال کرنے اور ایک سے زیادہ کے لیے ایک ای آئی ایف استعمال کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں بچا ہے۔ذرائع کے مطابق ہزاروں درآمدی کنسائمنٹس کو پہلے ہی جعلی اور کلیئر کیا جاچکا ہے۔علاوہ ازیں ان پابندیوں کے باعث اسمگلنگ میں کافی اضافہ ہوا ہے اور اسمگلر کھلے عام اسمگل شدہ اشیاء کی خرید وفروخت کررہے ہیں ۔ ذرائع کے مطابق کسٹمز اپریزمنٹ ایسٹ اینڈ ویسٹ اور ایس اے پی ٹی نے بھی اس حوالے سے الرٹ جاری کیا ہے۔کہ ای آئی ایف کی خلاف ورزی کے جانچ پڑتال کے لئے درآمدی کنسائمنٹس کی چھان بین کی جائے گی۔لیکن محکمہ کسٹمز کے پاس الیکٹرانک امپورٹ فارم کی جانچ یا تصدیق کرنے کا کوئی نظام نہیں ہے جس سے اس امر کی تصدیق کی جاسکے کہ درآمدی کنسائمنٹس کے لئے استعمال ہونے والا الیکٹرانک امپورٹ فارم دوبارہ استعمال کیا جارہا جس کی وجہ سے ایک الیکٹرانک امپورٹ فارم کو دو تا تین مرتبہ استعمال کرکے کنسائمنٹس کی کلیئرنس عمل میں لائی جارہی ہے ۔واضح رہے کہ حکومت درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس کو الیکٹرانک امپورٹ فارم کے اجراء سے مشروط کیا تھا تاکہ اس بات کا اندازہ لگایا جاسکے کہ ملک سے غیرملکی ترسیلات کی جانچ پڑتال کی جاسکے تاہم ملکی کی گرتی ہوئی معیشت کی وجہ سے حکومت نے کنسائمنٹس کی درآمد کے لیے الیکٹرانک امپورت فارم کے اجراء پر پابندی عائد کردی ہے جس کے باعث ہزاروں کی تعداد میں درآمدی کنسائمنٹس پورٹ پر پھنس گئے ہیں جس کا نقصان درآمدکنندگان کو ڈیمرج وڈیٹنشن کی مد ادا کرنا پڑتا ہے۔

## وزیرخزانہ سے فیڈریشن کے وفد کی ملاقات

### بجٹ بے ضابطگیاں دور کرنے پر اتفاق،صدر عرفان اقبال شیخ نے وفد کی قیادت کی

کراچی(نیوز ڈیسک)ایف پی سی سی آئی کے ساتھ ایک میٹنگ میں وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے فنانس بل میں موجود چند بڑی بے ضابطگیوں اور انا ملیز کو دور کرنے پر اصولی طور پر اتفاق کیا ہے' اعلامیہ کے مطابق صدر ایف پی سی سی آئی عرفان اقبال شیخ نے آگاہ کیا کہ اسحاق ڈار نے ایف پی سی سی آئی کی طرف سے پاکستان میں کاروبار کرنے کی لاگت کو کم کرنے اور ملک میں سرمایہ کاروں کے جذبات کو بہتر بنانے کیلئے انکم ٹیکس، ویلیو ایڈڈ ٹیکس، سیلز ٹیکس، فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی اور کسٹمز میں در پیش بے ضابطگیوں کو دور کرنے کا وعدہ کیا۔وزیرخزانہ کی طرف سے قبول کیے جانے والے سب سے اہم مطالبات میں سے ایک یہ ہے کہ ٹیکس کی بنیاد کو وسیع کرنے کیلئے اقدامات کو شامل کیا جائے گا۔

## ایک فیصد مزید اضافہ سے شرح سود 22 فیصد ہوگئی،اسٹیٹ بینک

کراچی(بزنس ڈیسک)اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) نے شرح سود میں ایک فیصد اضافہ کردیا، جو بڑھ کر 22 فیصد ہوگئی۔ پیر 26 جون 2023 کو مرکزی بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی) کا اجلاس ہوا جس میں شرح سود بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ایس بی پی کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ مانیٹری پالیسی کمیٹی کے ہنگامی اجلاس میں یہ بات سامنے آئی کہ گزشتہ اجلاس سے اب تک ملک میں مہنگائی میں اضافے کے خطرات میں اضافہ ہوا ہے جس کے سدباب کے لیے شرح سود میں ایک فیصد اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔اعلامیے میں کہا گیا کہ ایم پی سی کا خیال ہے کہ یہ خطرات بنیادی طور پر مالی اور بیرونی شعبوں میں نئے اقدامات کے نفاذ سے آرہے ہیں، جو انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کے جاری پروگرام کی تکمیل کے تناظر میں اہم ہیں۔اس میں یہ بھی کہا گیا کہ ایم پی سی نے نوٹ کیا کہ حقیقی شرح سود کو منتظر بنیاد پر مثبت رکھنے کے لیے شرح سود میں اضافہ ضروری ہے جو مالی سال 25 کے آخر تک 5 سے 7 فیصد کی درمیانی مدت کے ہدف کی جانب افراط زر کو کم کرنے میں مدد کرے گا۔

## لاہور ہائیکورٹ، سپر ٹیکس درست قرار،شرح 10 سے کم کرکے 4 فیصد کردی

لاہور(نیوز ڈیسک)لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس جواد حسن نے سپر ٹیکس کو دس فیصد سے کم کرکے چار فیصد کردیا،عدالت نے 350 کمپنیوں کی درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے متعدد کمپنیوں کی جانب سے سپر ٹیکس کو کالعدم قرار دینے کی استدعا مسترد کردیا، 30 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلے میں عدالت نے سولہ سیکٹرز میں شامل بڑی کمپنیوں پر سپر ٹیکس کے نفاذ کو درست قرار دے دیا،عدالت نے فیصلے میں لکھا کہ 300 ملین سے زائد آمدن والی بڑی کمپنیوں پر سپر ٹیکس کا نفاذ درست ہے،قانون کے تحت سپر ٹیکس چار فیصد سے زائد لاگو ہی نہیں ہوسکتا ہے،سپر ٹیکس اضافی ٹیکس ہے جو کم از کم ایک فیصد اور زیادہ سے زیادہ چار فیصد تک لاگو ہوسکتا ہے،عدالت نے قرار دیا کہ پاکستان کو 30 جون سے پہلے ٹیکس ریکوری کرنا لازم تھا اسی لئے عدالت نے فیصلہ سنایا،سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں تمام کمپنیاں چار فیصد سپر ٹیکس جمع کراچکی ہیں،عدالتی فیصلے سے سولہ سیکٹرز میں موجود بڑی کمپنیوں کو مزید ٹیکس نہیں دینا پڑے گا،ماضی میں بھی تین یا چار فیصد سے زیادہ سپر ٹیکس لگانے ی مثال نہیں ملتی ہے،بڑی کمپنیوں اور سولہ سیکٹرز میں موجود کمپنیوں میں تفریق درست نہیں ہے،سپر ٹیکس میں 6 فیصد کمی سے سولہ سیکٹرز میں موجود فرٹیلائزر، ٹیکسٹائل،ایئرلائنز، شوگر، فارماسیوٹیکل کمپنیوں کو فائدہ ہوگا،مشروبات ساز کمپنیاں، سیمنٹ، آئرن،ایل این جی اور پیٹرولیم وگیس کمپنیوں کو بھی فائدہ پہنچے گا۔



# سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس اور ایکسائز کے وضاحتی سرکلرز جلد جاری ہونگے

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پارلیمنٹ نے فنانس بل 2023 جو منظور کیا تھا اور جس پر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کے حج پر جانے کے بعد قائم مقام صدر صادق سنجرانی نے دستخط کر کے اسے فنانس ایکٹ کا درجہ دیا تھا اس فنانس ایکٹ کے بارے میں آئندہ ماہ جولائی میں پہلے سیلز ٹیکس کا ایکسپلینیٹری سرکلر جاری کیا جائے گا اس کے بعد انکم ٹیکس کے ان لینڈ ریونیو آپریشنز کے ممبر امجد زبیر ٹوانہ، چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد کی مشاورت سے انکم ٹیکس کا ایکسپلینیٹری سرکلر آئندہ ماہ جاری کریں گے، اس طرح فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کا ایکسپلینیٹری سرکلر بھی جاری کریں گے۔ فنانس ایکٹ پر یکم جولائی 2023 سے عملدرآمد شروع کر دیا جائے گا جبکہ فنانس ایکٹ میں آرٹیکل 99-D کو ونڈ فال پرافٹ منافع جات اور گین پر مشتمل ہوگی اس کے بارے میں بقول ممبران لینڈ ریونیو آپریشنز امجد زبیر ٹوانہ وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت کابینہ کے اجلاس سے منظوری لینا ہوگی۔ کیبنٹ ڈویژن جب یہ آئٹم کابینہ میں منظوری کیلئے پیش کرے گی تو اس سے پہلے ایف بی آر اس نوٹیفکیشن کا مسودہ بنا کر وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت کابینہ کے اجلاس کیلئے بھجوائے گا۔ ایکسپلینیٹری سرکلرز میں بجٹ کی تمام پروویژنز شامل ہوں گی اور متعلقہ سرکلر فنانس ایکٹ کی پروویژن کی وضاحت جاری کرے گا۔

## انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر مقرر

کراچی (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے مطابق انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کا عمل آج سے شروع ہوگا جس کی آخری تاریخ 30 ستمبر مقرر کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر گزشتہ مالی سال کا ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہا اور ادارے نے 27 جون 2023 تک 7 ہزار 144 ارب روپے کے ٹیکس محصولات جمع کیے جبکہ ایف بی آر کا رواں مالی سال کا ٹیکس ہدف 7 ہزار 640 ارب روپے تھا۔ ایف بی آر مقررہ ہدف کے مقابلے میں 496 ارب روپے کے کم ٹیکس محصولات حاصل کر سکا۔

## ڈالر ریٹ کا فرق بڑھنے سے ہنڈی حوالہ بڑھا، کوئی کارٹیلائیزیشن نہیں ہے، گورنر اسٹیٹ بینک

کراچی (نیوز ڈیسک) گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد کا کہنا ہے کہ ڈالر ریٹ کا فرق بڑھنے سے ہنڈی حوالہ بڑھا، کوئی کارٹیلائیزیشن نہیں ہے۔ کراچی میں اسٹیٹ بینک کے 75 ویں یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جمیل احمد نے کہا کہ قائداعظم کے اصول ہمارے لئے مشعل راہ ہیں، ملکی معیشت کو کئی بار چیلنجز کا سامنا رہا، البتہ پاکستانی بینکنگ قوانین جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک ایک خودمختار اور آزاد ادارہ ہے، اس کے موجودہ قانون میں فنانشل اسٹیبلیٹی ہے، مانیٹری پالیسی کو بھی ہم نے کافی آزاد بنایا ہے، مستقل معاشی ترقی پر ہماری توجہ مرکوز ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک کا کہنا تھا کہ اسٹیٹ بینک کی 16 ہزار سے زائد برانچز کام کر رہی ہیں، جدید ٹیکنالوجی کی وجہ سے صارفین کو سہولت ملی، لوگ اپنے گھروں میں بیٹھ کر اکاؤنٹ ہینڈل کر سکتے ہیں، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مزید بہتری کے لئے کوشاں ہیں۔ جمیل احمد نے کہا کہ ملک کا سب سے بڑا چیلنج مہنگائی ہے، ہماری پالیسیز مہنگائی کنٹرول کرنے پر فوکس ہیں، معیشت کی بہتری کے لئے مسلسل کام کر رہے ہیں، لہٰذا بینکس کی سپورٹ سے مختلف اسکیمز بھی لائیں گے۔ تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ ہم نے 75 سال مکمل ہونے پر نیا نوٹ جاری کیا، یہ نوٹ اور اس سے پہلے والا نوٹ مارکیٹ میں چل سکے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگلے پانچ سال کا ویژن رکھا ہے تاکہ بینکاری کے نظام کو مزید مضبوط کیا جا سکے، ڈالر کی کوئی کارٹیلائزیشن نہیں، امپورٹ پر عائد پابندی بھی ختم کی گئی، اب ڈالر کی سپلائی بہتر ہے۔ جمیل احمد نے کہا کہ اس وقت ہمارے پاس مہنگائی اور عالمی ادائیگیاں جیسے دو بڑے مسائل ہیں، جسے آئی ایم پروگرام سے حل کرنے میں مدد ملے گی۔ اسٹیٹ بینک گورنر نے کہا کہ مہنگائی کے نمبر میں کافی بہتر آئی ہے، ڈالر ریٹ کا فرق بڑھنے سے ہنڈی حوالہ بڑھ رہا تھا، ہم نے انٹربنک اور اوپن مارکیٹ کے ریٹ کے فرق کو بھی کم کیا ہے، امید ہے اب ترسیلات لیگل چینلز سے آئیں گے۔

## قرض معاہدہ: منظوری کیلئے آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کو قرض معاہدے کی منظوری کیلئے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس طلب کر لیا، حکام کا کہنا ہے کہ قرض منظوری کیلئے آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس 12 جولائی کو ہوگا، آئی ایم ایف کی پہلی قسط کا حجم ایک اعشاریہ ایک ارب ڈالر ہوگا، آئی ایم ایف حکام کے مطابق ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری کے بعد پاکستان کو قرض کی پہلی قسط جاری کی جائے گی۔

## آئی ایم ایف کی قرض کی فراہمی، پاکستان بدستور خطرے میں ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایم ایف کی جانب سے اسٹینڈ بائی پروگرام کے تحت تین ارب ڈالر کی قلیل مدتی ڈیل ہوجانے کے باوجود مالیاتی ریٹنگ کی ایجنسیز 'موڈیز' اور 'فچ' جولائی سے شروع ہونے والے مالی سال کے دوران پاکستان کی جانب سے اپنے 25 ارب ڈالر کے قرض کی ادائیگی کی صلاحیت کو بدستور خطرے میں دیکھ رہی ہیں۔ فچ میں ڈائریکٹر کرس جینز کروسٹینز کا کہنا ہے کہ پاکستان کو اپنے قرضوں کی ادائیگی اور اقتصادی بحالی کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے آئی ایم ایف سے ملنے والی رقوم کے علاوہ بھی اہم اضافی فنانسنگ درکار ہوگی۔ بلوم برگ سے گفتگو کرتے ہوئے کرسٹینز نے کہا کہ ''آئی ایم ایف جہاں اس قسم کی فنانسنگ کے لیے یقین دہانیاں طلب کر رہا ہے اور حاصل کر رہا ہے وہیں یہ خطرہ بھی موجود ہے کہ یہ ناکافی ثابت ہوں گی بالخصوص اگر موجودہ جاری خسارے کا کھاتہ ایک مرتبہ پھر پھیل گیا تو (کیا ہوگا)''۔ پاکستان کو آئی ایم ایف کی متعدد شرائط کو پورا کرنا ہوگا جن میں ٹیکسز کو بڑھانا، سود کی شرح کو ریکارڈ بلندی پر لے جانا اور اخراجات میں تخفیف کرنا آئی ایم ایف سے ابتدائی معاہدے کے تقاضے تھے اور جو کہ اب آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری سے مشروط ہے۔ تاہم آخری پروگرام نے مارکیٹس میں مثبت لہر پیدا کی ہے۔ موڈیز کے تجزیہ کار گریس لم نے بلوم برگ کو بتایا کہ ''یہ اب بھی غیریقینی ہے کہ پاکستانی حکومت آئی ایم ایف فنانسنگ کے پورے 3 ارب ڈالر کی فنانسنگ آئندہ 9 ماہ کے دوران استعمال کر سکے گی۔ موڈیز کے مطابق 25 ارب ڈالر کے قرض کی واپسی میں اصل زر اور سود دونوں کی ادائیگی شامل ہے اور یہ پاکستان کے غیرملکی زرمبادلہ سے 7 گنا زیادہ ہے۔ اصلاحات کے نفاذ میں تسلسل کے حکومتی عزم کا حقیقی امتحان اس وقت ہوگا جب ملک اکتوبر 2023 میں انتخابات میں جائے گا۔ یاد رہے کہ پاکستان گزشتہ سال اگست سے 1.1 ارب ڈالر کی قسط نکلوانے کی کوشش کر رہا تھا جو کہ بعض شرائط پوری کرنے میں اسلام آباد کی ناکامی کی وجہ سے روک دی گئی تھی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کراچی کنٹینرز ٹرمینل کا کنٹرول، ابوظہبی پورٹ گروپ کے حوالے

کراچی (بزنس ڈیسک) ابوظبی پورٹ گروپ نے کراچی پورٹ پر کنٹینرٹرمینل کا انتظامی کنٹرول سنبھال لیا ہے۔ کے پی ٹی اورابوظبی پورٹس گروپ کے درمیان معاہدے کی مدت 50 سال ہے۔معاہدے کے تحت ابوظبی پورٹس گروپ ٹرمینل میں 22 کروڑ ڈالر(63ارب 12 کروڑ پاکستانی روپے) کی سرمایہ کاری کرے گا،جمعرات 22 جون کوگورنرسندھ کامران خان ٹیسوری نے کراچی گیٹ وے ٹرمینل لمیٹڈ کاافتتاح کیا۔کراچی پورٹ ٹرسٹ پرمنعقد تقریب میں ابوظہبی پورٹس گروپ اور کراچی پورٹ ٹرسٹ کے درمیان معاہدہ پر دستخط بھی کئے گئے۔سی ای او جمعہ شمسی اور چیئر مین کے پی ٹی سید سیدین رضانے دستخط کئے۔تقریب میں وفاقی وزیر بحری امورفیصل سبزواری،وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ اور متحدہ عرب امارات کے سفیر، قونصل جنرل، متحدہ عرب امارات کے وزیرتوانائی سہیل محمد المز روئی،وزیرسرمایہ کاری ڈاکٹر ثھانی بن الزوادی،کراچی پورٹ ٹرسٹ کے چیئرمین سیدسیدین رضا، ابوظہبی گروپ کے چیف ایگزیکٹیوآفیسر جمعہ شمسی اور دیگربھی موجود تھے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنرسندھ نے کہا کہ کراچی گیٹ وے ٹرمینل لمیٹڈ ابوظہبی پورٹس گروپ آپریٹ اور ڈیولپ کرے گا۔وفاقی وزیر بحری امورفیصل سبزواری نے کہا کہ کسی ملازم کوبیروزگارنہیں ہونے دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ ابوظہبی پورٹس گروپ اسے مینیج، آپریٹ اورڈیویلپ کرے گا۔انہوں نے کہا کہ پورٹ کی رائلٹی میں 12.5 فیصد تک اضافہ متوقع ہے۔ چیف ایگزیکٹیوآفیسر جمعہ شمسی نے کہا کہ ٹرمینل علاقائی ہی نہیں ریجنل اورگلوبل بزنس کیلئے بھی اہم ثابت ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ پاک یواےای کی باہمی تجارت 2022 میں 9.3ارب ڈالرز تھی اس ٹرمینل سےاس میں مزیداضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اس وقت مشرق وسطی میں یواےای پاکستان کا سب سے بڑا شراکت دار ہے۔انہوں نے کہا کہ ریلوے اورڈیجیٹل نیٹ ورک پر سرمایہ کاری کریں گے۔

# درآمدات پر مال برداری اخراجات میں 98 فیصد کمی

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) گزشتہ 9ماہ سے درآمدات پر غیر اعلانیہ اور اعلانیہ پابندی کے باعث ملکی درآمدات پر مال برداری اخراجات کے حجم میں رواں مالی سال کے پہلے 11ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 98فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔اسٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری اعدادوشمار کے مطابق جولائی سے مئی 2023 تک کی مدت میں درآمدات پر مال برداری اخراجات کا حجم 1.964 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جوگزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 98فیصد کم ہے،گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں درآمدات پر مال برداری اخراجات کا حجم 3.887 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا،مئی میں درآمدات پر مال برداری اخراجات کا حجم 150.23 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جواپریل میں 142.25 ملین ڈالراورگزشتہ سال مئی میں 313.78 ملین ڈالرتھا،مالی سال 2022 میں ملکی درآمدات پر مال برداری اخراجات کا حجم 4.27 ارب ڈالرریکارڈ کیا گیا تھا۔

# انکم ٹیکس ریٹرن میں پیچیدگیاں، تکنیکی خامیاں ہیں، پاکستان ٹیکس بار

لاہور(بزنس ڈیسک) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدررانامنیرحسین اورجنرل سیکرٹری قمرالزمان چودھری نے کہا ہے کہ ایف بی آر انکم ٹیکس ریٹرن 2023 کے ڈرافٹ میں موجود نقائص،قانونی پیچیدگیوں اورتکنیکی خامیاں دور کرے۔پاکستان ٹیکس بار نے ملک بھرکی ٹیکس بارزکوخطوط ارسال کرکے تجاویزمانگی ہیں تاکہ ریٹرن کے ڈرافٹ سے خامیاں دورکرنے کیلئے ایف بی آر سے بات کی جاسکے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے ٹیکس بارز اور تاجروں کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر پاکستان ٹیکس بار کے نائب صدور طاہرمحمودبٹ،شہباز قادر،عامر شہزاد۔فنانس سیکرٹری راناکاشف ولائت،سیکرٹری اطلاعات شکیل اے خان،شہبازصدیق،ثاقب منیر،عرفان شاہ،زاہدعتیق چودھری اوردیگربھی موجود تھے۔ہرسال ریٹرن فارم میں غلطیوں کی بھرمار کی وجہ سے گوشوارے جمع نہیں ہوپاتے اور قانون کے مطابق 30 ستمبرکی آخری تاریخ آجاتی ہے۔ایف بی آر اپنی غلطیوں کا ازالہ کرنے کی بجائے تمام ملبہ ٹیکس دہندگان پر ڈال دیتا ہے۔ قانون کے مطابق غلطیوں سے پاک گوشوارہ یکم جولائی کوایف بی آر کے پورٹل پرموجودہوناچاہیےاوراس کے مطابق 90دن 30 ستمبرکو پورے ہوتے ہیں،اگرتاریخ کے مطابق لوگ گوشوارے جمع نہیں کراتے توو ہ خودذمہ دارہوتے ہیں۔ایف بی آر آسان اوردرست فارم پورٹل پررکھےاورتاریخ آگےنہ بڑھائےٹیکس بارزکوئی احتجاج نہیں کریں گی۔ایف بی آرکوآن لائن گوشوارے کے ساتھ مینوئل ریٹرن کا ڈرافٹ بھی دیناچاہیےتاکہ جن لوگوں کے پاس آن لائن کی سہولت نہیں یا وہ آن لائن اسے پرنہیں کرواسکتے انہیں مینوئل گوشوارہ جمع کرانے کی اجازت ہونی چاہیے جس سے گوشواروں کی تعداداورٹیکس بیس میں اضافہ ہوگا۔

# پاکستان آئی ایم ایف سے قرض لینے والا چوتھا بڑا ملک بن جائیگا

